[redacted]

الف۔ خدا کے ساتھ رفاقت وشراکت کا ذاتی وقت

1۔ خدا کے رفاقت وشراکت کا ذاتی وقت

خدا کے ساتھ ذاتی وقت ،سننا اور سنانا ہے۔ یہ خدا کی آواز کو بائبل کے کلام اور اُسکی روح کے ذریعے اپنے دِل میں سننا ہے۔ یہ خدا سے دُعا میں کلام کرنا ہے۔

2۔ روزانہ خاص وقت کا تعین کریں

خدا کے ساتھ ملاقات کیلئے خاص وقت کا تعین کریں۔ بائبل کے باب یا حصے کو پڑھیں، اگر باب بہت لمبا ہے تو بائبل کے مطالعہ کے پروگرام کو دیکھیں (کتابچہ 1 ضمیمہ نمبر 2) یہ ترجیحی کورس روزانہ بائبل کے ایک حصے کو 7 دن تک اگلے سبق کے پڑھنے تک منسوب یا مخصوص کیا گیا ہے۔ یہ گفتگو کے دوران گروپ کے لوگوں کے لئے بائبل کی فہرست کو شناخت کرنے اور ایکدوسرے کی معلومات سے سیکھنے میں آسانی پیدا کرتا ہے۔

3۔ ڈائری میں اندراج کریں۔

خدا کے ساتھ ہر ذاتی وقت گزارنے میں سے کچھ سچائیوں کو اپنی ذاتی وقت کی ڈائری میں درج کریں (دریافتیں، اسباق اور فائدے)۔ یہ یاد کرنے اور جماعت میں بیان کرنے کے وقت آسانی پیدا کرتا ہے۔

ب۔ پسندیدہ سچ کا طریقہ

خدا کے ساتھ رفاقت وشراکت میں ذاتی وقت گزارنے کے کچھ اچھے طریقے ہیں۔ پسندیدہ سچ کے طریقے کے پانچ اقدام ہیں۔ اِس طریقے اور بائبل کے مطالعہ کے پانچ اقدام کے فرق پر غور کریں۔

قدم نمبر 1۔ دُعا

خدا کے ساتھ اپنے ذاتی وقت کا آغاز اُس کی حضوری میں شعور کے ساتھ داخل ہونے سے کریں۔ خدا سے کہیں کہ بائبل میں بیان کردہ اپنے کلام اور اپنے روح کے ذریعے آپ سے ہمکلام ہو۔ اُس سے کہیں کہ بائبل کی باتوں کے ذریعے آپ کی زندگی کو نیا یا مضبوط بنائے۔ مثال کے طور پر، دُعا کریں ''اے خدا! میری آنکھوں کو کھول دے تا کہ میں تیری شریعت کے عجائب کو دیکھوں'' (زبور ۱۱۹:۱۸)۔

قدم نمبر 2۔ مطالعہ

اِس ہفتے کے لئے بائبل سے منتخب کی ہوئی 7 عبارات میں سے ہر روز ایک کا مطالعہ کریں۔

[redacted]

الف۔ خدا کے ساتھ رفاقت وشراکت کا ذاتی وقت

1۔ خدا کے رفاقت وشراکت کا ذاتی وقت

خدا کے ساتھ ذاتی وقت ،سننا اور سنانا ہے۔ یہ خدا کی آواز کو بائبل کے کلام اور اُسکی روح کے ذریعے اپنے دِل میں سننا ہے۔ یہ خدا سے دُعا میں کلام کرنا ہے۔

2۔ روزانہ خاص وقت کا تعین کریں

خدا کے ساتھ ملاقات کیلئے خاص وقت کا تعین کریں۔ بائبل کے باب یا حصے کو پڑھیں، اگر باب بہت لمبا ہے تو بائبل کے مطالعہ کے پروگرام کو دیکھیں (کتابچہ 1 ضمیمہ نمبر 2) یہ ترجیحی کورس روزانہ بائبل کے ایک حصے کو 7 دن تک اگلے سبق کے پڑھنے تک منسوب یا مخصوص کیا گیا ہے۔ یہ گفتگو کے دوران گروپ کے لوگوں کے لئے بائبل کی فہرست کو شناخت کرنے اور ایکدوسرے کی معلومات سے سیکھنے میں آسانی پیدا کرتا ہے۔

3۔ ڈائری میں اندراج کریں۔

خدا کے ساتھ ہر ذاتی وقت گزارنے میں سے کچھ سچائیوں کو اپنی ذاتی وقت کی ڈائری میں درج کریں (دریافتیں، اسباق اور فائدے)۔ یہ یاد کرنے اور جماعت میں بیان کرنے کے وقت آسانی پیدا کرتا ہے۔

ب۔ پسندیدہ سچ کا طریقہ

خدا کے ساتھ رفاقت وشراکت میں ذاتی وقت گزارنے کے کچھ اچھے طریقے ہیں۔ پسندیدہ سچ کے طریقے کے پانچ اقدام ہیں۔ اِس طریقے اور بائبل کے مطالعہ کے پانچ اقدام کے فرق پر غور کریں۔

قدم نمبر 1۔ دُعا

خدا کے ساتھ اپنے ذاتی وقت کا آغاز اُس کی حضوری میں شعور کے ساتھ داخل ہونے سے کریں۔ خدا سے کہیں کہ بائبل میں بیان کردہ اپنے کلام اور اپنے روح کے ذریعے آپ سے ہمکلام ہو۔ اُس سے کہیں کہ بائبل کی باتوں کے ذریعے آپ کی زندگی کو نیا یا مضبوط بنائے۔ مثال کے طور پر، دُعا کریں ''اے خدا! میری آنکھوں کو کھول دے تا کہ میں تیری شریعت کے عجائب کو دیکھوں'' (زبور ۱۱۹:۱۸)۔

قدم نمبر 2۔ مطالعہ

اِس ہفتے کے لئے بائبل سے منتخب کی ہوئی 7 عبارات میں سے ہر روز ایک کا مطالعہ کریں۔

قدم نمبر 3۔ اپنے پسندیدہ سچ کو چنیں۔

آپکا ''پسندیدہ سچ'' ایک آیت یا کچھ آیات یا کوئی خاص سچ جو آپ نے بائبل کے حصے میں پڑھا ہو سکتا ہے۔ یہ کوئی خیال یا سچ جسکے ذریعے خدا آپ سے کلام کر رہا ہو، جسکے ذریعے آپکی سوچ میں ہیجان پیدا ہو یا جس نے آپکے دِل چھوا وہ ہو سکتا ہے۔

قدم نمبر 4۔ اپنے پسندیدہ سچ پر غور کریں۔

آپ خدا کے کلام پر اِسلئے غور کرتے ہیں کیونکہ آپ اُس کو سمجھنا چاہتے ہیں یا آپ اُس سے طاقت اور تازگی پاتے ہیں اور اُس پر عمل کرتے ہوئے اِستعمال میں لاتے ہیں۔ سچائیوں کے غور وخوض کے 4 حصے ہیں:

- **خیال:** اپنے پسندیدہ سچ کے مختلف الفاظ کے معنوں کے متعلق سوچیں، اپنے آپ سے یہ سوال کریں ''کون؟ کہاں؟ کب؟ کیوں؟ کیسے؟
- **دُعا:** اپنے خیالات کے دوران خدا سے دُعا کریں۔ خدا سے کہیں کہ وہ آپ کے دِل ودماغ میں الفاظ کے معنی کی وضاحت کرے یا آپ پر ظاہر کرے کہ وہ کیا چاہتا ہے کہ آپ کِس کے بارے جانیں۔ کیا اِیمان رکھیں، کیا بنیں اور کیا کریں۔ خدا جو بھی کلام کرے اُسکا جواب دیں۔
- **تعلق:** اپنے پسندیدہ سچ کو اپنی ذاتی زندگی یا دُنیا سے جوڑیں جِس میں آپ رہتے ہیں۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے ایک سوال خود سے پوچھیں: ''اِس سچائی کی روشنی میں میری ضرورت کیا ہے؟'' یہ سچائی کِس طرح مجھے نیا بناتی اور قوت بخشتی ہے؟'' ''خدا مجھ سے کیا چاہتا ہے کہ کِس کے بارے جانوں، کیا اِیمان رکھوں، کیا بنوں یا کیا کروں؟''۔
- **لکھیں:** خدا کے ساتھ ذاتی وقت کے بارے اپنے غور وخوض کے اہم خیال اپنی نوٹ بک میں درج کریں۔

قدم نمبر 5۔ اپنی پسندیدہ سچائی کی دُعا کریں۔

خدا سے اپنی پسندیدہ سچائی (اپنے غور وخوض) کیلئے واپس دُعا کریں۔ چار مختلف لوگوں کیلئے چھوٹی سی دُعا کریں۔

- پسندیدہ سچائی کی اپنے لئے دُعا کریں۔
- پسندیدہ سچائی کی اپنے خاندان میں سے کسی ایک کے لئے دُعا کریں۔
- کسی قریبی شخص کے لئے دُعا کریں جو کہ آپکے پڑوس، کلیسیا یا کام کے مقام پر رہتا ہو۔
- پسندیدہ سچائی کی کسی دُور دراز شخص کیلئے دُعا کریں جو کہ دُوسرے شہر یا ملک میں رہتا ہو۔

ج۔ خدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا۔

1۔ چھوٹے گروپ میں سبق کے دوران بیان کا وقت

ہر سبق میں بیان کرنے کا وقت ہے۔ گروپ کے ہر ممبر کو موقع ملتا ہے کہ وہ پچھلے ہفتے بائبل کے 7 منتخب حصوں کی مدد سے جو اُس نے خدا کے ساتھ ذاتی وقت میں گزارا ہے اُسکو بیان کریں۔

گروپ کے فرد ومنٹ سے زیادہ بیان نہ کریں۔

2۔ ایک شخص کے ساتھ بیان کریں۔

بعض اوقات دو لوگ مستقل میل ملاپ رکھتے ہیں تا کہ وہ ایکدوسرے کی نشوونما کے سلسلے میں حوصلہ افزائی کریں۔ اور وہ بیان کرتے ہیں کہ خدا کے ساتھ ذاتی وقت یا بائبل کے مطالعہ کے دوران اُنہوں نے کیا سیکھا ہے۔

3۔ سوالوں کے جواب دینا۔

سبق کے درمیان گروپ کا راہنما کوئی ایسا مشکل سوال کرے پوچھ سکتا ہے جو بائبل کے مطالعہ کے درمیان اُٹھا ہو۔